اسکول کے بچے حفظ قرآن مجید کیسے کریں؟

قرآن مجید کا حفظ کرنا دنیا و آخرت کی سب سے بڑی دولت اور خدائی انعام ہے، وہ بچے جو دینی مدارس میں مستقل شعبہ حفظ میں قرآن مجید کا حفظ کرتے ہیں ان کے لیے تو ان کی صلاحیت اور قوت حفظ اور سرعت حفظ پر انحصار ہے، کہ وہ ایک دن میں کتنا حفظ یاد کرتے ہیں اور کتنا آموختہ سنا سکتے ہیں، لیکن اگر ان طلباء کے لیے بھی ان کی استعداد کے مطابق ایک پری پلان ہو تو زیادہ بہتر ہے۔

یہاں ہم نے ان بچوں کے لیے ایک خاکہ بنایا ہے جو اسکول کی تعلیم کے ساتھ ساتھ حفظ قرآن مجید میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ایسے بچوں کے لیے ہمارا خیال ہے کہ ذمہ داران پہلے یہ طے کرلیں کہ کن کن بچوں میں پورا قرآن مجید حفظ کرنے کی طاقت ہے، اس کے لیے مجموعی طور پر تمام طلباء کو پہلے ۳۰واں پارہ حفظ کرایا جائے، ۳۰ویں پارے کے حفظ کے مرحلے کے دوران ہر بچے پر گہری نظر رہے کہ کون سا بچہ حفظ کے اگلے مراحل میں چل سکتا ہے، پارہ مکمل ہونے کے بعد تمام بچوں کا ٹیسٹ لیا جائے اور اس

ٹیسٹ کے نتیجے کے بعد یہ فیصلہ والدین کو سنایا جائے کہ آپ کا بچہ حفظ قرآن مجید کے لیے اہل ہے یا نااہل ہے،(نااہل سے مراد اگر حفظ کرانے کی کوشش کی گئی تو اس کو حفظ کی تکمیل کے لیے اتنی مدت درکار ہوگی جس سے اس کی اسکولی تعلیم پر اثر پڑ سکتا ہے)۔جو بچے حفظ قرآن مجید کے لیے اہل قرار دیئے گئے ان کے لیے اب دیئے گئے اس خاکے میں سے حسب استعداد تین آیتیں، چار آیتیں، پانچ آیتیں وغیرہ کوئی تدبیر کو منتخب کیا جاسکتا ہے۔اگر بچے میں زیادہ سے زیادہ یاد کرنے کی استعداد ہو تو اس ترتیب میں ردوبدل بھی ممکن ہے، لیکن حفظ قرآن کی تکمیل تک اگر کوئی ایک ترتیب پر ہی چلا جائے تو بچے کے حق میں زیادہ مفید ہے۔رہا آموختہ تو اس سلسلے میں بہتر یہ ہے کہ روزانہ کم از کم آدھا پارہ پیچھے سے سنا جائے اور جس پارے کا سبق جاری ہے اسے ختم ہونے تک اور ختم ہونے کے بعد کم از کم ۸ دن تک روزانہ مکمل سنا جائے یا دو طلباء کی جوڑی بنا کر اپنی نظروں کے سامنے سنانے کی ترتیب بنائی جائے۔

ذیل میں دی گئی ترتیب کے مطابق ایک جماعت میں تین یا چار گروپ بنائے جاسکتے ہیں، مثال کے طور پر روزانہ تین آیتیں یاد کرنے والے طلباء کے گروپ کو نام دیا

جائے (GA3) انگریزی سے کے حرف جی سے مراد گروپ ، اے سے مراد آیت اور 3 سے مراد تین آیتیں۔

اسی طرح بالترتیب:

GA3

GA4

GA5

<u>چارٹ ملاحظہ فرمائیں :</u>

حفظ قرآن مجید کی آسانی کے لیے ایک مفید جدول

قرآن کریم کی آیتوں کی تعداد: 6236

قرآن مجید کے صفحات کی تعداد تقریبا : 600

حفظ کی یومیہ مقدار	مکمل حفظ قرآن کی مدت		
	سال	مہینہ	دن
ایک آیت	17	1	1
دو آیتیں	8	6	18
تین آیتیں	5	8	13
چار آیتیں	4	3	9
پانچ آیتیں	3	5	2
چھ آیتیں	2	10	9
سات آیتیں	2	5	10
آٹھ آیتیں	2	1	19
نو آیتیں	1	10	27
دس آیتیں	1	8	18
گیارہ آیتیں	1	6	21

حفظ کی یومیہ مقدار	مکمل حفظ قرآن کی مدت		
	سال	مہینہ	دن
۱۲ آیتیں	1	5	4
۱۳ آیتیں	1	3	24
۱۴ آیتیں	1	2	20
۱۵ آیتیں	1	1	20
۱۶ آیتیں	1	-	24
۱۷ آیتیں	1	-	1
۱۸ آیتیں	-	11	16
۱۹ آیتیں	-	10	28
آدھا صفحہ	3	3	15
ایک صفحہ	1	7	25
دو صفحے	-	10	-

مرتب : مبصر الرحمٰن قاسمی

ریڈیو کویت